ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ

اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے ارکان کا 45واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر 22 اکتوبر 2026 کو صبح 11:30 بجے، پرل کانٹیننٹل (پی سی) ہوٹل، بال روم 1 اور 2، کلب روڈ، بالمقابل PIDC بلڈنگ، سول لائنز، صدر ٹاؤن، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

عام امور

1۔ 30 جون 2026 مختتمہ سال کیلئے کمپنی کے نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشوارے معہ ان پر چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (7)223 کے مطابق اور SRO 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں کمپنی کے مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیئے گئے ہیں جنہیں درج ذیل ویب لنک اور کیو آر فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://www.agriauto.com.pk/pdf/jun-26/ail-annual-report-2026.pdf

2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق سال 26-2025 کے لئے حتمی نقد منافع منقسمہ 100% یعنی -/5 روپے فی شیئر کی منظوری دینا۔

3۔ مختتمہ سال 30 جون 2027 کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، ریٹائر ہوگئے اور اہل ہونے کی بناء پر دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کرتے ہیں، اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اُن کی تقرری کی سفارش کی ہے۔

4۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (1)159 کی دفعات کے مطابق، 7 (سات) ڈائریکٹرز کا انتخاب 3 (تین) سال کی مدت کے لیے کیا جائے گا، جن کی تعداد بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یکم ستمبر 2026 کو منعقدہ اپنے اجلاس میں مقرر کی ہے۔ دوبارہ انتخاب کے اہل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ جناب یوٹا کا آرائے	2۔ جناب فہیم کپاڈیا	3۔ جناب حمزہ حبیب
4۔ جناب سہیل پی۔ احمد	5۔ جناب سلمان برنی	6۔ جناب عقیل ای۔ مرچنٹ

5۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی کرنا۔

بحکم بورڈ

شہریار اشرف خان

کمپنی سیکرٹری

کراچی مورخہ: یکم ستمبر 2026ء

نوٹ:

1۔ حصص منتقلی کتابوں کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 16 اکتوبر 2026 تا 22 اکتوبر 2026 (دونوں ایام شامل) بند رہیں گی۔ 15 اکتوبر 2026 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، PECHS، شاہراہ فیصل کراچی، فون: 5-34380101-21-92+، 3-34384621-21-92+ (ایکسٹینشن 103) فیکس 34380106-21-92+ میں موصول ہونے والی منتقلی درخواست سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت، ووٹ دینے کے استحقاق کے مقصد کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ AGM میں شرکت بذریعہ طبعی حاضری یا بذریعہ وڈیو کانفرنس

شیئر ہولڈرز کی فلاح و بہبود کو محفوظ بنانے کے لیے ایس ای سی پی نے وقتاً فوقتاً جاری کیے جانے والے اپنے سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ طبعی اجلاسوں کے انعقاد کی شرائط کے علاوہ اپنے عام اجلاس بصری طریقے سے منعقد کریں۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے کمپنی نے طبعی اجلاس بلانے کے علاوہ وڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شیئر ہولڈرز کی بصری حاضری کا بھی انتظام کیا ہے۔

اے جی ایم میں ورچوئل طور پر شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل جدول کے مطابق مقررہ ای میل ایڈریس agm@agriauto.com.pk پر اپنی تفصیلات جمع کرا کے پہلے سے اپنے ارادے کا اندراج کریں۔ وڈیو کانفرنس لنک کی تفصیلات اور لاگ ان اسناد صرف ان شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی، جن کی تفصیلات 20 اکتوبر، 2026 کو یا اس سے پہلے ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریسز سے موصول ہوئی ہیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	فولیو/CDC نمبر	CNIC نمبر	سیل نمبر	رجسٹرڈ ای میل ایڈریس

لاگ ان کی سہولت 22 اکتوبر، 2026 کو صبح 11:00 بجے کھولی جائے گی جس سے شرکاء کارروائی میں شامل ہوسکیں گے جو صبح 11:30 بجے شروع ہوگی۔

وہ اراکین جن کے نام 15 اکتوبر 2026 تک ممبران کے رجسٹر میں موجود ہیں، وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار رکن کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کرنے کا حق حاصل ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

اراکین کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ اجلاس کے لیے قابل اطلاق پراکسی کا آلہ فراہم کیا جارہا ہے۔ پراکسی کے آلہ کی مزید کاپیاں عام دفتری اوقات میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.agriauto.com.pk/investor-info/ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

پراکسی کا آلہ اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا اس طرح کا اختیار یا اتھارٹی کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی، مؤثر ہونے کے لیے، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے پہلے جمع کرائی جانی چاہیے۔

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ سمارٹ قومی شناختی کارڈ (SNIC / CNIC) کی ایک کاپی جمع کرائیں، اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی ہے اور فوری طور پر تبدیلیوں، اگر کوئی ہو تو، ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ان کے رجسٹرڈ پتہ پر مطلع کریں۔

3۔ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ('سی ڈی سی') اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے رہنما اصول

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں بیان کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

الف)۔ اجلاس میں شرکت کے لیے

I۔ بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC/SNIC یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

II۔ کارپوریٹ ادارے صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس پر نامزد شخص کے نمونے کے دستخط ہوں گے (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

ب)۔ پراکسیوں کی تقرری کے لئے

I۔ بصورت افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

II۔ پراکسی فارم پر دو افراد گواہ ہوں جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

III۔ بینیفشل مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

IV۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

V۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد کے نمونے کے دستخط کے ساتھ (بشرطیکہ پہلے فراہم نہ کیا جائے) کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

VI۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

ج)۔ عام اجلاس میں شیئر ہولڈرز کے لئے ضابطہ اخلاق

I۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 215 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ریگولیشن 55 میں شیئر ہولڈرز کے ضابطہ اخلاق کو درج ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

الف)۔ شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کے لئے براہ راست انتظامیہ سے رابطہ کرنے یا اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں ہے جو انتظامیہ کے ہموار کام میں رکاوٹیں پیدا کرنے کا سبب بن سکتے ہیں۔ قانون میں بیان ہے کہ شیئر ہولڈرز ایسا مواد نہیں لائیں گے جس سے شرکاء یا احاطے کو خطرہ لاحق ہو جہاں اجلاس منعقد کیا جا رہا ہے، وہ خود کو نوٹس اجلاس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں گے، تبصرے اور بحث کو کمپنی کے معاملات تک محدود رکھیں گے اور کسی بھی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرنے یا دوسرے ممبروں کی مذہبی حساسیت کو ٹھیس پہنچانے کے طریقے سے کام نہیں لیں گے۔

ب)۔ کوئی بھی شیئر ہولڈر جو اس سیکشن میں فراہم کردہ طریقے سے اور کمیشن کے ذریعہ متعین کردہ طریقہ کار کے مطابق عمل کرنے میں ناکام رہتا ہے وہ اس دفعہ کے تحت جرم کا مرتکب ہوگا اور معیاری پیمانے پر لیول 1 سے زیادہ جرمانے کا ذمہ دار ہوگا۔

II۔ مزید برآں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 185 کی تعمیل میں؛ کمپنی کو اپنے اجلاس میں اپنے ممبروں کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

4۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

الف)۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہاں ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دوسرا شخص، اسے درج ذیل دستاویزات کمپنی سیکریٹری کے پاس، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، 5th فلور، ہاؤس آف حبیب، 3-JCHS، بلاک 7/8 شارع فیصل کراچی 75350 پر، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل جمع کرانا ہوں گی:

I۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب میں بطور امیدوار حصہ لینے کے اپنے ارادے کا نوٹس۔

II۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی، جس کے ساتھ تصدیق شدہ CNIC، NTN یا پاسپورٹ کی نقل منسلک ہو۔

III۔ امیدوار کا تفصیلی پروفائل، جس میں اس کا دفتری پتہ بھی شامل ہو، تاکہ اسے SECP کے SRO 1196(I)/2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تقاضوں کے مطابق کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کیا جاسکے۔

IV۔ دستخط شدہ اعلامیہ جس میں تصدیق کی گئی ہو کہ:

* وہ کمپنیز ایکٹ 2017، سیکورٹیز ایکٹ، 2015، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز، میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر تمام قابلِ اطلاق قوانین، قواعد، ضوابط اور کوڈز کے تحت اپنے فرائض، ذمہ داریوں اور اختیارات سے آگاہ ہے۔
* وہ ایک لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے کمپنیز ایکٹ، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کے تحت نااہل نہیں ہے۔
* وہ نابالغ، غیر عاقل یا ایسا دیوالیہ شخص نہیں ہے جسے ابھی دیوالیہ پن سے نجات حاصل نہ ہوئی ہو۔
* اس کا نام نیشنل ٹیکس پیئرز رجسٹر میں درج ہے۔
* کسی عدالت نے اسے مالیاتی اداروں، ترقیاتی مالیاتی اداروں (ڈویلپمنٹ فنانشل انسٹیٹیوشنز) یا غیر بینکاری مالیاتی اداروں (نان بینکنگ فنانشل انسٹیٹیوشنز) کے قرض کی ادائیگی میں نادہندہ قرار نہیں دیا۔
* وہ بیک وقت سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام نہیں دے رہا۔
* نہ وہ اور نہ ہی اس کا/ کی شریکِ حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار سے وابستہ ہے۔
* وہ "کلوزڈ پیریڈ" سے آگاہ ہے، جو عبوری اور حتمی نتائج کے اعلان اور ایسے کاروباری فیصلوں سے قبل لاگو ہوتا ہے جو کمپنی کی سیکیورٹیز کی مارکیٹ قیمت پر نمایاں اثر ڈال سکتے ہیں۔

V۔ درست CNIC کی نقل (پاکستانی شہری کی صورت میں)/ پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی شہری کی صورت میں)، نیز NTN اور فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ نمبر فراہم کرنا ہوگا۔ یہ تقاضا اس شخص پر لاگو ہوگا جو پہلی مرتبہ بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی جمع کرا رہا ہو۔

VI۔ ڈائریکٹر کے پاس بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی جمع کراتے وقت کمپنی کے کوالیفیکیشن شیئرز یعنی 1,000 حصص موجود ہونا ضروری ہیں۔ تاہم، یہ تقاضا کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (i)153 میں بیان کردہ صورتوں پر لاگو نہیں ہوگا۔

VII۔ ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے رضامندی دینے والا امیدوار رضامندی جمع کرانے کے وقت کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے، سوائے ایسے شخص کے جو کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو نیچرل پرسن نہ ہو۔

ب)۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور انہیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (2)166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انداز اور انتخاب) ریگولیشنز 2018 میں مقرر کردہ معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ چنانچہ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

I۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن (3)6 کے تحت آزادی کا اعلامیہ۔

II۔ مناسب مالیت کے نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر یہ حلف نامہ/ ضمانتی بیان کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انداز اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن (1)4 کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے۔

آزاد ڈائریکٹر کی کیٹگری میں موصول ہونے والے تمام نوٹس کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے تحت مقرر کردہ طریقۂ کار کے مطابق کمپنی کی جانب سے due diligence کے عمل سے گزریں گے۔

انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4)159 کے مطابق AGM کی تاریخ سے کم از کم 07 (سات) دن قبل جاری کی جائے گی۔ کمپنی کی ویب سائٹ کو مطلوبہ معلومات اور ڈائریکٹرز کے پروفائلز کے ساتھ اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کی تقرری سے متعلق اہم حقائق کا بیان

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے تحت یہ لازم ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے طلب کیے گئے عام اجلاس کے نوٹس کے ساتھ اہم حقائق کا ایک بیان منسلک کیا جائے، جس میں آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے تقرری کے لیے امیدوار کے انتخاب کی وجوہات بیان کی جائیں۔

چنانچہ یہ یقینی بنایا جائے گا کہ منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انداز اور انتخاب) ریگولیشنز 2018 کے تحت آزادی سے متعلق مقرر کردہ معیار پر پورا اترتے ہوں، اور ان کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیرِ انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہوں، جسے SECP نے باقاعدہ طور پر مجاز قرار دیا ہے۔

آزاد ڈائریکٹرز کو حتمی شکل دیتے وقت امیدواروں کی مناسب اہلیت، تنوع، مہارت، علم اور تجربے کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ مذکورہ کاروبار میں کسی بھی ڈائریکٹر کا براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ شیئر ہولڈرز ہیں، اور اسی حیثیت سے وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنی رضامندی دے سکتے ہیں۔

5۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقۂ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018 کے مطابق، اگر ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے امیدوار بننے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کیا جائے گا۔

ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات مناسب وقت پر کمپنی کے ان اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی، جن کے درست CNIC نمبرز، موبائل نمبرز اور ای میل ایڈریسز کمپنی کے اراکین کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

ای ووٹنگ کا عمل 15 اکتوبر 2026 کو شام 05:00 بجے شروع ہوگا اور 21 اکتوبر 2026 کو شام 05:00 بجے اختتام پذیر ہوگا۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد رکن کو بعد ازاں اپنے ووٹ میں تبدیلی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

اراکین متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے بھی ووٹ دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں، جو انہیں فراہم کیا جائے گا۔ پوسٹل بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.agriauto.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکے گا۔

اراکین اس امر کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ساتھ، اجلاس کے چیئرمین تک بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے 5th فلور ہاؤس آف حبیب JCHS-3، بلاک 8/7، شارع فیصل کراچی 75350 پر یا ای میل کے ذریعے agm@agriauto.com.pk پر، یعنی AGM سے ایک دن قبل 21 اکتوبر 2026 کو شام 05:00 بجے تک پہنچ جانا چاہیے۔

اس مقررہ وقت/ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لیے قابلِ قبول نہیں سمجھا جائے گا۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط CNIC پر موجود دستخط سے مطابقت رکھتے ہونے چاہئیں۔

ایک مرتبہ رکن/ پراکسی ہولڈر کی جانب سے ووٹ کاسٹ کیے جانے کے بعد اسے بعد ازاں اپنے ووٹ میں تبدیلی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

وہ اراکین جنہوں نے پہلے اپنا حقِ رائے دہی استعمال نہیں کیا، اجلاس کے روز مقامِ اجلاس پر فراہم کردہ بیلٹ کے ذریعے ذاتی طور پر بھی اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔

براہِ کرم نوٹ فرمالیں کہ ووٹنگ سے متعلق کسی بھی تنازع، بشمول ایک سے زیادہ ووٹ کاسٹ کیے جانے کی صورت میں، اجلاس کے چیئرمین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

6۔ سالانہ رپورٹ کی الیکٹرانک ٹرانسمیشن

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (6)223 کی تعمیل میں کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2026 کو ای میل کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک طور پر ترسیل کیا ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں۔

مذکورہ بالا کے باوجود کمپنی کسی بھی رکن کو ان کی درخواست پر سالانہ رپورٹ 2026 کی ہارڈ کاپیاں ان کے رجسٹرڈ ایڈریس پر، ایسی درخواست موصول ہونے کے ایک (1) ہفتے کے اندر مفت فراہم کرے گی۔ مزید برآں ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ براہ کرم اپنا مؤثر ای میل ایڈریس (مؤثر شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اگر ممبر کے پاس فزیکل فارم میں حصص ہیں یا اگر حصص بک انٹری فارم میں رکھے گئے ہیں تو ممبر کے متعلقہ شریک/ سرمایہ کار اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

ایس ای سی پی نے SRO.787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کے نوٹیفکیشن کی روشنی میں ہدایت کی ہے کہ الیکٹرانک میل سسٹم (ای میل) کے ذریعے سالانہ مالی حسابات اور نوٹسز وصول کرنے والی کمپنی کے ممبران کو سہولت فراہم کی جائے۔ ہم اپنے ممبران کو یہ سہولت بخوشی پیش کرتے ہیں جو مستقبل میں ای میل کے ذریعے کمپنی کے سالانہ مالی حسابات اور نوٹس وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اس سلسلے میں ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک معیاری درخواست فارم پر ای میل کے ذریعے اپنی رضامندی سے آگاہ کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.agriauto.com.pk/investor-info/ پر دستیاب ہے۔ براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ای میل میں اس طرح کی ای میل وصول کرنے کے لئے کافی حقوق اور جگہ دستیاب ہے۔ مزید برآں، رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو بروقت اپ ڈیٹ کرنا ممبر کی ذمہ داری ہے۔

7۔ CNIC/SNIC/NTN جمع کروانا (لازمی)

ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق جن شیئر ہولڈرز کا CNIC / SNIC یا NTN (کارپوریٹ اداروں کی صورت میں) شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہے ان کا منافع روکا جاسکتا ہے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے مؤثر CNIC / SNIC (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے) کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو جمع کرائیں۔

8۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن 4 کی دفعات کے مطابق، ایک لسٹڈ کمپنی کو فزیکل ڈیویڈنڈ وارنٹ جاری کرنے کے بجائے حقدار شیئر ہولڈرز کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں براہ راست الیکٹرانک موڈ کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع کی ادائیگی کرنا ضروری ہے۔

مندرجہ بالا قانون کی تعمیل میں، اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع حاصل کرنے کے لئے، آپ سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھے گئے فارم میں مذکورہ معلومات فراہم کریں https://www.agriauto.com.pk بصورت دیگر کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن 6 کی شرائط کے مطابق منافع (اگر کوئی ہو) کی ادائیگی کو روکنے پر مجبور ہوگی۔ اگر حصص الیکٹرانک شکل میں رکھے گئے ہیں شیئر ہولڈرز براہ راست اپنے بروکرز/ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ کو یا اگر حصص جسمانی شکل میں رکھے گئے ہیں تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو معلومات فراہم کریں گے۔

9۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل حصص جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق ہر لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم سے تبدیل کرنا ہوگا۔ لہٰذا، فزیکل حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ حصص کو بک انٹری میں تبدیل کرائیں۔

10۔ منافع پر ود ہولڈنگ ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت ڈیویڈنڈ ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح درج ذیل ہوگی:

فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں شامل افراد	15 فیصد
فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں شامل نہ ہونے والے افراد	30 فیصد

کمپنی کو 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کی شرح سے کیش ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی کرنے کے قابل بنانے کے لئے، جن شیئر ہولڈرز کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں درج نہیں ہیں، اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کتاب بند ہونے کے پہلے دن سے پہلے اپنے نام اے ٹی ایل میں درج کرالیں۔ بصورت دیگر ان کے نقد منافع پر ٹیکس 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کی شرح سے کاٹا جائے گا۔

ڈیویڈنڈ آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس استثنیٰ صرف اسی صورت میں دیا جائے گا جب قانونی ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا مجاز عدالت کے حکم امتناع کی کاپی فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتاب بند ہونے کے پہلے دن تک دستیاب کرائی جائے۔

علاوہ ازیں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کے 'فائلر/ نان فائلر' اسٹیٹس پر الگ الگ کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر ان کے پاس موجود حصص کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈرز کے حصص کا تناسب فراہم کریں (اگر پہلے سے فراہم نہیں کیا گیا ہو)۔

کمپنی کا نام	فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر	کل حصص	پرنسپل شیئر ہولڈر: نام اور CNIC	پرنسپل شیئر ہولڈر: شیئر ہولڈنگ تناسب (حصص کی تعداد)	مشترکہ حصص دار: نام اور CNIC	مشترکہ حصص دار: شیئر ہولڈنگ تناسب (حصص کی تعداد)

مطلوبہ معلومات نوٹس ہذا کے 10 دنوں کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار تک پہنچنا ضروری ہیں۔ بصورت دیگر یہ فرض کیا جائے گا کہ حصص پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کے پاس برابر ہیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے پاس اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپ ڈیٹ کیا گیا اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) ہونا ضروری ہے، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیجنا ہوگی۔ شیئر ہولڈرز کو این ٹی این یا این ٹی این، جیسا بھی معاملہ ہو، بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبروں کا حوالہ دینا ہوگا۔ این ٹی این کے بغیر کمپنی اے ٹی ایل پر فائلر اسٹیٹس چیک کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگی اور اس طرح کے معاملات میں زیادہ ٹیکس 30 فیصد لاگو کیا جاسکتا ہے۔

11۔ زکوٰۃ سے استثنیٰ:

زکوٰۃ منافعِ منقسمہ سے ماخذ پر 2.5% کی شرح سے فی شیئر ادا شدہ مالیت (5 روپے فی شیئر) کے حساب سے منہا کی جائے گی اور مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کرادی جائے گی۔ لازمی زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنے کے لیے وہ شیئر ہولڈرز جن کے حصص فزیکل فارم میں ہیں، ان سے درخواست ہے کہ بک کلوزر کے پہلے دن سے قبل 200 روپے کے NJSP پر تیار کردہ فارم CZ-50 پر اپنی زکوٰۃ ڈیکلریشن کی نوٹری شدہ نقل کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں، جس پر فولیو نمبر اور نام واضح طور پر درج ہو۔

وہ شیئر ہولڈرز جن کے حصص بک انٹری کی صورت میں ہیں، اپنی زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم CZ-50 پر سی ڈی سی انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز/ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ سٹاک بروکرز کے پاس جمع کرائیں، جس پر سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر اور شیئر ہولڈر کا نام واضح طور پر درج ہو، تاکہ اسے شیئر ہولڈر کے CDC اکاؤنٹ میں موجود CDS پر اپ لوڈ کیا جاسکے۔

مزید برآں، غیر مسلم شیئر ہولڈرز کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ Solemn Affirmation، جو (https://famcosrs.com/downloads) پر دستیاب ہے، فزیکل فارم میں رکھے گئے حصص کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس، جبکہ اسکرپ لیس فارم میں رکھے گئے حصص کی صورت میں سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کرائیں۔ مذکورہ دستاویزات تمام لحاظ سے مکمل طور پر فراہم کیے جانے کے بغیر کسی قسم کی چھوٹ نہیں دی جائے گی۔

12۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (7)223 کی دفعات کے مطابق، 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.agriauto.com.pk) پر دستیاب ہیں۔

13۔ تحائف کی تقسیم پر پابندی

SECP کی جانب سے SRO 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے ذریعے جاری کردہ ہدایت کے مطابق، کمپنی تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کرنا چاہتی ہے کہ AGM میں کسی قسم کے تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔